MEPCO

ENLIGHTENING LIVES

میپکو میگ ملتان

دسمبر 2015

وزیر مملکت پانی و بجلی کا کوٹ ادو پاور پلانٹ کا دورہ

میپکو چیف کے آپریشن سرکلوں کے دورے

میپکو افسران کی اپ گریڈیشن

میپکو... خدمت و ترقی قدم بہ قدم

شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

میپکو میک ملتان

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

مدیر اعلیٰ:
محمد نعیم اللہ
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن

مدیر:
جمشید عالم نیازی
ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز

جلد نمبر 06 | شمارہ 03 | دسمبر 2015 | کل صفحات 18

اس شمارے میں

وزیر مملکت کا دورہ کوٹ ادو	02
وفاقی وزیر کی میپکو چیف سے ملاقات	03
اجلاس میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز	04
استقبالیہ ہائیڈرو یونین	05
میپکو چیف کی پاور لومز ایسوسی ایشن سے ملاقات	06
پروموشن بورڈ کا اجلاس اور افسران کی اپ گریڈیشن	07
بہاولپور میں منعقدہ تقریب سے خطاب	08
سپورٹس ٹرائلز	09
میپکو چیف کے تمام سرکلوں کے دورے	10
اجلاس ایچ آر کمیٹی	13
سیفٹی سیمینار	14
میپکو چیف کا یو ایس ایڈ دفاتر کا دورہ	15
ریٹائرمنٹ تقریب	16
آئی ایس پی کے وفد کا دورہ میپکو	17
ڈینگی بچاؤ مہم	18

عرضِ مدیر

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اپنے نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب انجینئر فضل اللہ درانی کی قیادت میں اپنے صارفین کی خدمت میں سرگرم عمل ہے۔ 1998ء میں تقسیم کار کمپنیاں بننے کے بعد جناب انجینئر فضل اللہ درانی میپکو کے 14 ویں چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیں۔ انتہائی شفیق، خلیق اور خلوص سے بھرپور جناب انجینئر فضل اللہ درانی میپکو ملازمین کی ہر دل عزیز شخصیت ہیں۔ ملازمین، افسران ہر کوئی ان کی محبت اور پیار سے بلاتخصیص مستفید ہوتا ہے اور یہ کہاوت ان پر صادق آتی ہے کہ درخت جتنا پھلدار ہو اتنا ہی جھک جاتا ہے۔

جناب انجینئر فضل اللہ درانی کا تعلق بہاولپور سے ہے۔ انہوں نے 1981ء میں بطور جونیئر انجینئر واپڈا میں شمولیت اختیار کی اور یکم نومبر 1981ء کو آپریشن سب ڈویژن گجرات (شادیوال) میں تعینات ہوئے۔ 1987ء سے 1996ء تک ماڈل ٹاؤن سب ڈویژن بہاولپور، سیٹلائٹ ٹاؤن سب ڈویژن بہاولپور، ظاہر پیر سب ڈویژن اور عباسیہ سب ڈویژن میں خدمات سرانجام دیں۔ 1997ء میں ایگزیکٹو انجینئر کے عہدے پر ترقی پائی اور ایکسین آپریشن ڈی جی خان ڈویژن تعینات ہوئے۔ ڈی جی خان میں ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل اور کنسٹرکشن ڈویژن میں بھی فرائض سرانجام دیئے۔ 1999ء میں ساہیوال ٹرانسفر ہوئی اور وہاں ریجنل سٹور منیجر تعینات ہوئے۔ 2001ء میں ایکسین کنسٹرکشن ڈویژن وہاڑی، 2004ء میں ایکسین ایم اینڈ ٹی بہاولپور، 2006ء میں ایکسین ایم اینڈ ٹی ڈی جی خان اور 2009ء میں ایکسین ایم اینڈ ٹی وہاڑی تعینات رہے۔ 2011ء میں سپریٹنڈنگ انجینئر کے عہدے پر ترقی پائی اور فروری 2011ء میں منیجر مارکیٹنگ، ٹیرف اینڈ کنٹریکٹ مینجمنٹ میپکو ہیڈ کوارٹر تعینات ہوئے۔ جون 2013ء میں سپریٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو سرکل بہاولپور تبادلہ ہوا اور اکتوبر 2013ء میں چیف انجینئر کے عہدے پر ترقی پائی اور نومبر 2013ء میں چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو تعینات ہوئے۔ فروری 2014ء میں چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ڈسٹری بیوشن، مارچ 2015ء میں چیف انجینئر (ٹیکنیکل) تعینات ہوئے۔ 4 جولائی 2015ء کو جنرل منیجر کے عہدے پر ترقی پائی اور جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو تعینات ہوئے۔

شعبہ آپریشن، کنسٹرکشن، سٹورز، ایم اینڈ ٹی میں وسیع تجربہ رکھنے اور بہترین خدمات سرانجام دینے پر حکومت پاکستان نے جناب انجینئر فضل اللہ درانی کو 17 ستمبر 2015ء کو میپکو کا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کیا ہے۔ امید واثق ہے کہ میپکو ان کی شفیق اور مہربان شخصیت اور وسیع و ہمہ گیر تجربہ کی حامل قیادت میں ترقی و کامرانی کی نئی منزلیں سر کرے گی۔

فوٹوگرافی: جواد احمد
ڈیزائننگ: ریحان محمود قادری
پرنٹر: ایس حیدر پرنٹرز ملتان
ویب ایڈیشن: خرم جاوید

شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا

www.mepco.com.pk
For Con: 061-9220062
MEPCO TODAY
For Feedback:
dmprmepco@gmail.com

ملک میں متبادل ذرائع سے بجلی کی پیداوار میں اضافے سے سستی بجلی دستیاب ہوگی

عابد شیر علی
وزیر مملکت برائے پانی و بجلی

آنے والے وقت میں جیسے جیسے نئے پاور پلانٹ اور منصوبے مکمل ہوتے جائیں گے صورتحال مزید بہتر ہوتی جائے گی۔

وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی نے کہا ہے کہ نجی شعبے کی پاور سیکٹر میں سرمایہ کاری خوش آئند ہے۔ ملک میں متبادل ذرائع سے بجلی کی پیداوار میں اضافے سے سستی بجلی دستیاب ہوگی۔ یہ بات انہوں نے فاطمہ پاور پلانٹ سنانواں (کوٹ ادو) کے دورہ کے موقع پر کہی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کے دور میں پہلی بار ملک میں بجلی کی ریکارڈ پیداوار اور ترسیل ہوئی ہے اور لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ ماضی کے مقابلے میں آدھا رہ گیا ہے۔ آنے والے وقت میں جیسے جیسے نئے پاور پلانٹ اور منصوبے مکمل ہوتے جائیں

وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی ملتان ایئرپورٹ پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب سنانواں میں پاور پلانٹ کا دورہ کر رہے ہیں۔

گے صورتحال مزید بہتر ہوتی جائے گی۔ اس موقع پر فاطمہ پاور پلانٹ کے چیف ایگزیکٹو میاں فضل مختار نے وزیر مملکت برائے پانی و بجلی کو بتایا کہ اس پاور پلانٹ سے 120 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی جبکہ گنے کے سیزن میں بیگاس، گنے کے پھوک سے بقیہ سال میں کوئلہ سے بجلی پیدا کی جائے گی اور مارچ 2016ء تک اس منصوبے سے بجلی پیدا ہونا شروع ہو جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی نے بتایا کہ کہ اس پاور پلانٹ سے پیدا ہونے والی بجلی 500KV مظفر گڑھ گرڈ اسٹیشن کے مقام پر نیشنل گرڈ میں شامل کی جائے گی اور اس کے لئے 170 پولز پر مشتمل ٹرانسمیشن لائن بچھائی جائے گی۔ قبل ازیں ملتان ایئرپورٹ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی نے کہا کہ نندی پور پاور پراجیکٹ کے حوالے سے وفاقی وزیر پانی و بجلی خواجہ محمد آصف نے تمام الزامات کا جواب دیدیا ہے۔ ہم نے خود کو احتساب کے لئے پیش کر دیا ہے اور اس سارے پراجیکٹ کا آڈٹ کروایا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ این اے 154 اور این اے 122 میں پاکستان مسلم لیگ (ن) انتخابات جیت کر پی ٹی آئی کے الزامات کا جواب دیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، ممبر صوبائی اسمبلی رانا محمود الحسن، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ محمد اسلم طاہر، ڈائریکٹر سیکیورٹی اینڈ ٹرانسپورٹ میجر (ر) فرخ جاوید گھمن موجود تھے۔

پاور پلانٹ سے پیدا ہونے والی بجلی 500KV مظفر گڑھ گرڈ اسٹیشن کے مقام پر نیشنل گرڈ میں شامل کی جائے گی۔ میپکو چیف

وفاقی وزیر فوڈ اینڈ سیکیورٹی سکندر حیات بوسن کی چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی سے ملاقات


وفاقی وزیر فوڈ سیکیورٹی حاجی سکندر حیات بوسن میپکو ہیڈ کوارٹر میں چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی سے ملاقات کر رہے ہیں۔

وفاقی وزیر فوڈ اینڈ سیکیورٹی سکندر حیات بوسن نے میپکو ہیڈ کوارٹرز میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر نے انجینئر فضل اللہ درانی کو ملک کی سب سے بڑی بجلی کی تقسیم کار کمپنی ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کا چیف ایگزیکٹو آفیسر تعینات ہونے پر مبارکباد دی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے انہیں بتایا کہ وزارت پانی و بجلی کی ہدایات کی روشنی میں ریکوری اور لائن لاسز کے اہداف کے حصول کے لئے دن رات محنت کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے حلقہ این اے **148** میں جاری بجلی کی سکیموں کو جلد از جلد مکمّل کرنے کی ہدایت کی جس پر میپکو چیف نے متعلّقہ افسران کو احکامات دیئے کہ ٹرانسفارمرز کی اپ گریڈیشن، بیلنسنگ اور ایل ٹی سکیموں کو فوری طور پر مکمّل کیا جائے۔ ممبر میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز میاں زاہد پرویز مڑل بھی اس موقع پر موجود تھے۔

ڈیفالٹرز کو بجلی کسی صورت فراہم نہیں کی جائے گی

انجینئر فضل اللہ درانی
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

جرمانہ بلوں کی وصولی کے لئے آپریشنل افسران اقدامات کریں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی نے کہا ہے کہ نادہندگان سے واجبات کی وصولی کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں۔ میپکو ریجن میں کسی بھی ڈیفالٹر کا دوسرا کنکشن نہیں چلنا چاہئے۔ ڈیفالٹرز کو بجلی کسی صورت فراہم نہیں کی جائے گی۔ ریجن میں نادہندگان کے خلاف کاروائی کے لئے ٹاسک فورس بنائی جا رہی ہے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پورے ریجن میں ناقص کارکردگی کے حامل افسران اور ملازمین کی کارکردگی ان کی سالانہ خفیہ رپورٹس میں درج کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے بل اور بقایاجات کی رقم ادا نہ کرنے والے صارفین کے کنکشن فوری طور پر منقطع کئے جائیں اور ہر سب ڈویژن میں ایک لائن مین ڈیفالٹر کے کنکشن چیک کرے۔ اگر کسی ڈیفالٹر کا کنکشن موقع پر چلتا ہوا پایا جائے تو اس کے خلاف محکمانہ کاروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ خراب اور جلے ہوئے میٹروں کو اتارنے کے بعد چیک کیا جائے اور بجلی چوری کی غرض سے تبدیل کروائے گئے میٹروں پر بجلی چوروں کو جرمانے عائد کئے جائیں۔ جرمانہ بلوں کی وصولی کے لئے آپریشنل افسران اقدامات کریں۔ ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر کسٹمر سروسز راؤ ضیاء الرحمٰن نے بھی اجلاس سے خطاب کیا۔ اجلاس میں چیف انجینئر او اینڈ ایم سرفراز احمد ہراج، فنانس ڈائریکٹر امتیاز احمد جگری، ایڈیشنل ڈی جی میاں ندیم احمد، منیجر کمرشل ملک امتیاز احمد، آپریشن، ایم اینڈ ٹی کے افسران نے شرکت کی۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

0300-6344134 زاہد مڑل

کمپنی کے معاملات میں بہتری لانے اور اسے جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہے ہیں

چیئرمین بورڈ شیخ احسن رشید

جوائنٹ سیکرٹری فنانس ڈویژن محمد انور شیخ کے بطور ممبر بورڈ تقرر کی منظوری دی گئی۔

چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹر شیخ احسن رشید سالانہ جنرل اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی، بورڈ ممبران خواجہ محمد اعظم، راجن سلطان پیرزادہ، خالد مسعود خان، خواجہ انیس احمد، میاں رحمٰن نسیم، محمد انور، منیر احمد اور زاہد پرویز مڑل بھی موجود ہیں

چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹر شیخ احسن رشید نے کہا ہے کہ میپکو کے معاملات میں مزید بہتری اور شفافیت لانے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ بورڈ کی اولین ترجیح کمپنی میں صارف دوست کلچر کا فروغ ہے۔ میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سالانہ جنرل اجلاس اور بورڈ کے 106 اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم میپکو ملازمین اور صارفین کو بہتر سہولیات کے لئے اقدامات اٹھا رہا ہے۔ صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کے لئے مختلف منصوبے مکمّل کئے گئے ہیں جبکہ ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ بورڈ نے اجلاس میں آڈیٹرز

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں جوائنٹ سیکرٹری فنانس ڈویژن محمد انور شیخ کو بطور بورڈ ڈائریکٹر کے تقرر کی منظوری دی گئی

سے بریفنگ لی اور مالی سال 2014-15ء کے کمپنی کے اکاؤنٹس کی منظوری دی اور آڈیٹرز کو ہدایت کی کہ بورڈ کی جانب سے دی گئی آبزرویشنز کو رپورٹ کا حصہ بنایا جائے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں جوائنٹ سیکرٹری فنانس ڈویژن محمد انور شیخ کو بطور بورڈ ڈائریکٹر کے تقرر کی منظوری دی گئی جبکہ سینئر آڈٹ آفیسر امجد صدیق خان کی تین ماہ کے لئے خدمات حاصل کرنے، دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے اسسٹنٹ لائن مین احمد حسن کے بھائی کو محکمہ میں ملازمت دینے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی، بورڈ ممبران خواجہ محمد اعظم، راجن سلطان پیرزادہ، خالد مسعود خان، خواجہ انیس احمد، میاں رحمٰن نسیم، محمد انور شیخ، منیر احمد، زاہد پرویز مڑل، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب اور فنانس ڈائریکٹر امتیاز احمد جگری بھی موجود تھے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میپکو کے سالانہ اکاؤنٹس کی منظوری دی جبکہ ٹرانسفارمر زری کلیمیشن ورکشاپ میں 22 ڈیلی ویجرز کو بھرتی کرنے، سٹینوگرافر گریڈ I بنیادی سکیل 16 کی پوسٹ کو اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری (اے پی ایس) بنیادی سکیل 16 میں تبدیل کرنے اور سپیشل تنخواہ ریٹ میں تبدیل کرنے، بنیادی سکیل 3 میں خدمات سرانجام دینے والے میٹرک پاس سٹور ہیلپرز کو گیٹ کلرک بنیادی سکیل 5 میں ترقی دینے اور دیگر اقدامات کی منظوری بھی دی گئی۔

چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹر شیخ احسن رشید 106 ویں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

انجینئرز اور مزدوروں نے محنت کی جس کی وجہ سے میپکو کو پہلے نمبر پر پہنچنے کا اعزاز ملا۔
انجینئر فضل اللہ درانی چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

میپکو میں گذارے گئے 14 ماہ میری سروس اور زندگی کے سنہرے دن ہیں۔
انجینئر مظفر علی عباسی سیپکو چیف

پاور سیکٹر کی نجکاری توانائی بحران کا حل نہیں ہے۔
خورشید احمد خان جنرل سیکرٹری واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی نے کہا ہے کہ محنت سے جیت ممکن ہے۔ افسران وملازمین اپنی کارکردگی سے میپکو کو نمبرون پوزیشن پر لائے ہیں اور ہمیں مستقل اسی کارکردگی کے ساتھ چل کر کمپنی کو ترقی کی جانب گامزن کرنا ہوگا۔ وہ واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین کی جانب میپکو کے نئے اور سابقہ چیف ایگزیکٹو آفیسرز کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہمیں انجینئر مظفر علی عباسی جیسے افسر ملے جنہوں نے اپنے وژن اور صلاحیتوں سے میپکو کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا اور ملک بھر میں میپکو کے لئے نیک نامی حاصل کی۔ ان کی خدمات کو سنہری حروف میں لکھا جائیگا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر سکھر الیکٹرک سپلائی کمپنی (سیپکو) انجینئر مظفر علی عباسی نے کہا کہ میپکو میں گذارے گئے 14 ماہ میری سروس اور زندگی کے سنہرے دن ہیں۔ انجینئرز اور مزدوروں نے محنت کی جس کی وجہ سے میپکو کو پہلے نمبر پر پہنچنے کا اعزاز ملا۔ اب میپکو کی نئی انتظامیہ کا امتحان ہے کہ وہ اس کارکردگی کے تسلسل کو برقرار رکھیں۔ اولیائے کرام کے شہر کے میٹھے اور کھرے لوگوں کی محبت میں ہمیشہ یاد رکھوں گا۔ جنرل سیکرٹری واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین خورشید احمد خان نے کہا کہ پاور سیکٹر کی نجکاری توانائی بحران کا حل نہیں ہے۔ توانائی بحران کا حل نئے پاور پلانٹس لگانا، نئے ڈیمز کی تعمیر ہے اتنے وسائل ہونے کے باوجود ہم ان سے استفادہ نہیں کررہے۔ حکومت پاور پلانٹس لگائے اور نجکاری کرنے کے بجائے انجینئرز اور مزدوروں کو کام کرنے کا موقع دے۔ انہوں نے کہا کہ انجینئر مظفر علی عباسی جیسے افسر میپکو کو نمبرون پوزیشن پر لاسکتے ہیں تو باقی افسران بھی ایسی کارکردگی کا مظاہرہ کرکے پاور سیکٹر کو بحران سے نکال سکتے ہیں۔ یونین عہدیداراس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی بھی مزدور کے ساتھ زیادتی نہ ہو۔ ہمارا لائن مین محکمہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ ریجنل چیئرمین غلام رسول گجر، زونل چیئرمین ریونیو ونگ شکیل بلوچ، زونل چیئرمین چوہدری محمد خالد، زونل سیکرٹری سجاد بلوچ، ریجنل سیکرٹری ملک سعید احمد اور دیگر عہدیداروں نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ قبل ازیں میپکو افسران، ملازمین اور یونین عہدیداروں نے انجینئر فضل اللہ درانی اور انجینئر مظفر علی عباسی کو پھولوں کے گلدستے پیش کئے۔ تقریب میں ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، جنرل منیجر آپریشن محمد ارشد چوہدری، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی ملک سعید احمد، چیف انجینئر او اینڈ ایم ڈسٹری بیوشن سرفراز احمد ہراج، چیف انجینئر

میپکو چیف فضل اللہ درانی، سیپکو چیف مظفر علی عباسی، جنرل سیکرٹری ہائیڈرو یونین خورشید احمد خان اور دیگر تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

کسٹمر سروسز راؤ ضیاء الرحمٰن، فنانس ڈائریکٹر امتیاز احمد جگری، میپکو ہیڈ کوارٹر کے تمام شعبوں کے افسران، میپکو ریجن کے تمام سپریٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز، ایس ڈی اوز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

صنعتوں کو بجلی کی زیادہ سے زیادہ فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے

انجینئر فضل اللہ درانی
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

صدر ایسوسی ایشن خالق قندیل انصاری نے انجینئر فضل اللہ درانی کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی نے کہا ہے کہ صنعتوں کو بجلی کی زیادہ سے زیادہ فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ بڑی صنعتوں کے ساتھ چھوٹی صنعتیں بھی لاکھوں لوگوں کو روزگار فراہم کرنے کے ساتھ ملکی ترقی میں کردار ادا کر رہی ہیں۔ پاور لومز ایسوسی ایشن کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاور لومز میپکو میں خاصی تعداد میں کام کر رہی ہیں اور ہم انہیں ہر ممکن سہولیات مہیا کر رہے ہیں۔ صدر ایسوسی ایشن خالق قندیل انصاری نے انجینئر فضل اللہ درانی کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاور لومز اور میپکو کے مابین بہترین ورکنگ ریلیشن شپ ہے جس میں آئندہ مزید مضبوطی آئے گی۔ انہوں نے پاور لومز کے لئے لوڈ شیڈنگ میں کمی، لوٹینشن سکیموں کی تکمیل اور ترقیاتی کاموں کے لئے شٹ ڈاؤن کے اوقات تبدیل کرنے کی درخواست کی جس پر چیف ایگزیکٹو آفیسر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شٹ ڈاؤن صبح ساڑھے چھ بجے سے ساڑھے دس بجے کے دوران لے کر مقررہ وقت میں کام ختم کیا جائے اور ایل ٹی پروپوزلز جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر جنرل منیجر آپریشن محمد ارشد چوہدری، چیف انجینئر کسٹمر سروسز راؤ ضیاء الرحمٰن، سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل شاہد حمید چوہان، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی جبکہ پاور لومز ایسوسی ایشن کی طرف سے حاجی بشیر احمد پہلوان، سعید احمد سعیدی، حاجی عبدالجبار، حاجی ارشاد احمد، عبدالطیف، یونس انصاری اور دیگر موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی سے پاور لومز ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

میپکو پروموشن بورڈ کا اجلاس

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) میپکو افسران کو گریڈ 17 سے گریڈ 18 میں ترقی دینے کے لئے مختلف کیٹگریز کے محکمانہ پروموشن بورڈ کا انعقاد میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقد ہوا جس کی صدارت چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی نے کی جبکہ بورڈ میں ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن میپکو محمد نعیم اللہ، جنرل منیجر آپریشن محمد ارشد چوہدری، چیف انجینئرز راؤ ضیاء الرحمٰن، ملک سعید وینس، محمد اسلم طاہر، چوہدری محمد اکرم، فنانس ڈائریکٹر امتیاز احمد جگری، ڈپٹی منیجر ٹی اینڈ ایم پی میاں محمد سہیل افضل نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ منیجر ایڈمن سے ڈپٹی منیجر ایڈمن، سب ڈویژنل آفیسر سے ایگزیکٹو انجینئر، اسسٹنٹ منیجر انوائرمنٹ، اسسٹنٹ منیجر کمپیوٹر سے ڈپٹی منیجر کمپیوٹر، اسسٹنٹ منیجر ایم ایم سے ڈپٹی منیجر ایم ایم، ریونیو آفیسر سے ڈپٹی کمرشل منیجر کے پروموشن اپ گریڈیشن کیسز زیر بحث لائے گئے۔ افسران کی پروموشن/اپ گریڈیشن کے کیسز حتمی منظوری کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں بھیجے جائیں گے۔

میپکو افسران کی اپ گریڈیشن کا نوٹیفیکشن جاری

پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (PEPCO) اتھارٹی نے ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے 16 افسران کی بنیادی سکیل 19 سے بنیادی سکیل 20 میں ٹائم سکیل اپ گریڈیشن کے احکامات جاری کر دیئے ہیں جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی کو 14 فروری 2012ء سے اپ گریڈیشن کی گئی ہے جبکہ چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ڈسٹری بیوشن میپکو سرفراز احمد ہراج کی 11 فروری 2012ء، سابق منیجر خالد مقصود کو 14 فروری 2012ء، سابق جنرل منیجر عبدالمتین خان کو 15 دسمبر 2011ء، چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ٹی اینڈ جی ملک سعید احمد کو 8 مئی 2013ء، سپریٹنڈنگ انجینئر کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن میپکو میاں محمد علی، سپریٹنڈنگ انجینئر جی ایس او میپکو سرکل ساہیوال مسعود الحسن، سابق منیجر عبدالواجد کو 12 اگست 2014ء، منیجر سرویلنس عتیق الرحمٰن، منیجر میٹریل مینجمنٹ میپکو نعمت اللہ قریشی اور منیجر (ایم اینڈ ایس) ارشد اقبال کو 2 جنوری 2015ء، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی شاہد اقبال چوہدری کو 14 فروری 2015ء، منیجر ایم اینڈ ٹی فرسٹ عبدالغنی کو 17 فروری 2015ء، سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل خانیوال محمود احمد خان اور سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل شاہد حمید چوہان کو 12 اگست 2014ء سے ٹائم سکیل اپ گریڈیشن کے تحت اپ گریڈ کیا گیا ہے۔

بہاولپور سرکل کو ماڈل سرکل بنائیں گے، ملازمین کو بھرپور سپورٹ دیں گے

انجینئر فضل اللہ درانی
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

حاصل پور ڈویژن کا آغاز ایکسین اقبال جوئیہ کی قیادت میں ہوا اور اس نے ترقی کی اب ایکسین جام گل محمد زاہد اسے مزید ترقی دیں گے۔

میپکو چیف فضل اللہ درانی انتہائی شفیق افسر ہیں ان کی تمام نوکری ہمارے درمیان گذری ہے ہم ان کے ہاتھ مضبوط کریں گے تاکہ ان کا اور کمپنی کا نام اونچا ہو۔
چیئرمین واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین غلام رسول گجر

میپکو کو خسارے سے نکالنے اور ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکن کوششیں کی جارہی ہیں۔ ملازمین کی رہائش گاہوں کا مسئلہ جلد حل کریں گے۔ کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کیا جارہا ہے۔ بہاولپور سرکل کو ایک کوسٹر دے دی ہے مزید 2 کوسٹریں دیں گے۔ اندرون بہاولپور شہر کے لئے 500 کلومیٹر اے بی سی کیبل دے رہے ہیں۔ بہاولپور سرکل ریکوری کے لحاظ سے بہت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کررہا ہے۔ یہ بات چیف ایگزیکٹو آفیسر فضل اللہ درانی نے ہائیڈرو یونین کی جانب سے اپنے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں افسران اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ میپکو کو خسارے سے نکالنے کے لئے ریکوری پر بھرپور توجہ دینا ہوگی۔ گھریلو صارفین کی ریکوری 103 فیصد، کمرشل صارفین کی ریکوری 101 فیصد جبکہ دیگر صارفین کی 102 فیصد ریکوری ہے اور ٹیوب ویل صارفین کی ریکوری 80 فیصد سے بھی کم ہے۔ انہوں نے ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ ریکوری کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ ریکوری کے اہداف حاصل کرنے والوں کو بونس کے ساتھ سرٹیفکیٹ بھی دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کے تمام ملازمین پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ادارے کے مفاد کے لئے کام کریں اور ذاتی مفادات کو اس کے آڑے نہ آنے دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بہاولپور میں واپڈا ٹاؤن جلد قائم کیا جائیگا اور جلد نئی مینجمنٹ کمیٹی کا اعلان کریں گے۔ ٹرانسفارمرز کی فوری طور پر مرمت کے لئے ٹرانسفارمر زری کلیمیشن ورکشاپ بھی قائم کی

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی، ایس ای میپکو بہاولپور سرکل عطاء اللہ بھٹہ، ریجنل چیئرمین ہائیڈرو یونین غلام رسول گجر اور دیگر بہاولپور میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

جارہی ہے۔ سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل بہاولپور عطاء اللہ بھٹہ نے کہا کہ بہاولپور سرکل چیف ایگزیکٹو آفیسر فضل اللہ درانی کی رہنمائی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کررہا ہے اور اس سرکل کی ریکوری 100 فیصد سے زائد ہوگئی ہے۔ لائن لاسز میں کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کی شکایات کا ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ صارفین کو نزدیک ترین علاقوں میں سہولیات فراہم کرنے کے لئے نئے سب ڈویژنل اور ڈویژنل دفاتر بنائے جارہے ہیں۔ کمپیوٹرائزڈ ریڈنگ کی وجہ سے صارفین کی اوور بلنگ، زائد یونٹس کی شکایات کا تقریباً خاتمہ ہوگیا ہے۔ اس موقع پر ریجنل چیئرمین واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین غلام رسول گجر نے کہا کہ بہاولپور کے لئے یہ اعزاز کی بات ہے کہ میپکو چیف کا تعلق بھی اسی شہر سے ہے۔ میپکو چیف کی ہدایات کی روشنی میں انجینئرز اور ملازمین مل کر کمپنی کے اہداف حاصل کرنے کے لئے دن رات محنت کررہے ہیں۔ قبل ازیں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی کا بہاولپور پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا اور منوں پھولوں کی پتیاں ان پر نچھاور کی گئیں۔ اس موقع پر میپکو افسران وملازمین، یونین عہدیداروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بعدازاں انہوں نے میپکو ڈویژن حاصل پور میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سینئر افسران اپنے جونیئرز کو اپنا تجربہ منتقل کریں اور رہنمائی کریں تو اداروں کی

کارکردگی میں مزید بہتری آسکتی ہے۔وہی افسران ٹرانسفر کے بعد بھی دلوں میں بستے ہیں جو اپنے جونیئرز کی رہنمائی کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سب کی معاشرے اور خاندان میں عزت اسی محکمہ کی وجہ سے ہے ہمیں اپنی تمام تر کوششیں اور محنت اپنی سرکاری ذمہ داریاں سرانجام دینے میں صَرف کریں تا کہ کارکردگی میں بہتری آسکے۔انہوں نے کہا کہ حاصل پور



چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی، ایس ای میپکو بہاولپور سرکل عطاء اللہ بھٹہ، ریجنل چیئرمین ہائیڈرو یونین غلام رسول گجر حاصل پور میں منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ڈویژن کا آغاز ایکسین اقبال جوئیہ کی قیادت میں ہوا اور اس نے ترقی کی اب ایکسین جام گل محمد زاہد اس کے سربراہ ہیں۔امید ہے کہ یہ اسے ترقی کی مزید بلندیوں پر لے جائیں گے ۔سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل بہاولپور انجینئر عطاء اللہ بھٹہ نے کہا کہ تقرر وتبادلے ملازمت کا حصہ ہیں۔افسران اور ملازمین جہاں بھی تعینات ہوں اپنے فرائض نیک نیتی سے سرانجام دیں۔افسران محنت، لگن اور دلجمعی سے کام کر کے اپنی کارکردگی کا لوہا منوائیں تا کہ آئندہ بھی ان کی کارکردگی کو یاد رکھا جائے۔ریجنل چیئرمین واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین غلام رسول گجر نے کہا کہ میپکو چیف فضل اللہ درانی انتہائی شفیق افسر ہیں ان کی تمام نوکری ہمارے درمیان گذری ہے ہم ان کے ہاتھ مضبوط کریں گے تا کہ ان کا اور کمپنی کا نام اونچا ہو۔اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئرز اقبال جوئیہ، جام گل محمد زاہد، دیگر افسران اور یونین عہدیداروں نے بھی خطاب کیا۔

واپڈا کھیلوں میں نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانے کے لئے ہر ممکن کوشش کررہا ہے

ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو
محمد نعیم اللہ

ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، شفقت رانا، سپورٹس آفیسر شرافت علی اور
اسسٹنٹ ڈائریکٹر واپڈا سپورٹس بورڈ حسین علی کا کرکٹ ٹرائلز میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا ہے کہ واپڈا کھیلوں میں نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانے کے لئے ہر ممکن کوشش کررہا ہے۔واپڈا انڈومنٹ فنڈ کے ذریعے مختلف کھیلوں کے بچوں کی نہ صرف سرپرستی کی گئی ہے بلکہ انہیں بہترین سہولیات بھی فراہم کی گئی ہے تا کہ وہ کھیلوں کے میدان میں ملک وقوم کا نام روشن کرسکیں۔وہ ڈویژنل سپورٹس گراؤنڈ ملتان میں واپڈا انڈومنٹ فنڈ کے تحت کھلاڑیوں کے ٹرائلز کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔

(بقیہ صفحہ نمبر 12)

میپکو ترقی کی نئی بلندیوں پر لے جانے کے لئے پرعزم ہیں

انجینئر فضل اللہ درانی
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

عہدہ سنبھالنے کے بعد میپکو ریجن کے سرکلز کے دورے اور آپریشن افسران سے میٹنگز

وزارت پانی و بجلی اپنے دیئے گئے ٹارگٹس حاصل نہ کرنے والے افسران کے خلاف سخت تادیبی کاروائی کر رہی ہے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی نے عہدہ سنبھالنے کے بعد میپکو ریجن کے تمام سرکلز کے افسران سے الگ الگ میٹنگز کیں اور ہر سرکل کے لئے ان کے حالات اور مسائل کے مطابق ایکشن پلان دیا تا کہ کمپنی کے نتائج کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے سب سے پہلا دورہ ساہیوال سرکل کا کیا جہاں انہوں نے کہا کہ وزارت پانی و بجلی اپنے دیئے گئے ٹارگٹس حاصل نہ کرنے والے افسران کے خلاف سخت تادیبی کاروائی کر رہی ہے۔ افسران اپنے مستقبل کا خیال کریں اور مطلوبہ ٹارگٹس حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ساہیوال سرکل کے افسران کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ لائن سٹاف کو روزانہ کی بنیاد پر کام دیں اور اگلے دن رپورٹ لیں۔ محکمہ

ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی ساہیوال سرکل کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

کے ساتھ دھوکہ دہی کرنے والے ملازمین کے خلاف سخت کاروائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ سب ڈویژنوں کا عملہ ڈیفالٹرز کے کنکشن منقطع کرے اور ان سے کوئی رعایت نہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کی خدمت ہمارا شعار ہے۔ سرکل کے زیر انتظام افسران صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ کریں اور زائد بلنگ، غلط ریڈنگ اور اوور ریڈنگ کی شکایات فوری دور کریں اور صارفین کو درست بل جاری کریں تا کہ واجبات بروقت ادا ہو سکیں۔ آپریشن سرکل ملتان کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے

انہوں نے کہا کہ نادہندگان سے واجبات وصول کرنے کے لئے بلا امتیاز آپریشن کیا جائے اور کسی سے کوئی رعایت نہ برتی جائے۔سب ڈویژنل اور ڈویژنل افسران روزانہ کی بنیاد پر ڈیفالٹرز سے ریکوری کرنے کے لئے کاروائی کریں۔انہوں نے کہا کہ ملتان سرکل کی کارکردگی کا انحصار پوری کمپنی کی کارکردگی پر ہوتا ہے۔افسران دن رات محنت کریں اور کمپنی کو نمبر ون پوزیشن پر لانے کے لئے اپنی کارکردگی بہتر بنائیں۔انہوں نے کہا کہ صارفین کی شکایات کا ہماری اولین ترجیح ہے۔صارفین کے مسائل اور شکایات فوری طور پر حل کریں اور درست ریڈنگ، درست بلنگ، نئے کنکشنوں کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ بجلی چوروں کو کسی صورت نہ چھوڑا جائے اور بجلی چوری میں ملوث میپکو ملازمین کے خلاف بھی کاروائی کی جائے۔ڈی جی خان اور مظفر گڑھ سرکلوں کے اجلاس میں انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں اور پرائیویٹ ڈیفالٹرز سے واجبات کی وصولی کے لئے ہر ممکن کوشش بروئے کار لائی جائے۔نادہندہ اداروں ومحکموں اور عام صارفین کے کنکشنز منقطع کرنے میں سستی نہ برتی جائے۔انہوں نے کہا کہ ڈیفالٹرز کو بجلی کی فراہمی ہر صورت روکنا ہوگی تب ہی قوم کا پیسہ نادہندگان سے وصول ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سب ڈویژنل افسران میپکو اتھارٹی کی جانب سے دیئے گئے ایکشن پلان کے مطابق فیلڈ میں کام کریں۔ایگزیکٹو انجینئرز اپنے ماتحتوں کی کاروائی اور کارکردگی کی مانیٹرنگ کریں تاکہ لائن لاسز میں حقیقی کمی اور ریکوری

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی ملتان سرکل کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی ڈی جی خان اور مظفر گڑھ سرکلوں کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

اہداف کے حصول یقینی ہوسکیں۔انہوں نے ایس ای مظفر گڑھ سرکل کو ہدایت کی کہ ریکوری کی شرح بہتر بنائی جائے جبکہ ایکسین کوٹ ادو ڈویژن، راجن پور ڈویژن اور تونسہ ڈویژن کی کارکردگی بہتر بنانے کی بھی ہدایت کی۔آپریشن سرکلوں وہاڑی اور بہاولنگر میں افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میپکو چیف نے کہا کہ آپریشن سب ڈویژن میپکو کا بنیادی یونٹ ہے اس کی کارکردگی پر پوری کمپنی کے نتائج کا انحصار ہے۔لائن لاسز اور ریکوری کے اہداف حاصل نہ کرنے والے افسران کاروائی کے لئے تیار رہیں۔انہوں نے کہا کہ صارفین کے حقوق کا تحفظ سب سے پہلے سب ڈویژنل افسران پر فرض ہے۔سپریٹنڈنگ انجینئرز اوور بلنگ کرنے والے سب ڈویژنل افسران اور اہلکاروں کے خلاف کاروائی کریں۔انہوں نے کہا کہ محکمہ کے واجبات اور بقایاجات حاصل کرنا متعلقہ آپریشنل افسران کی ذمہ داری ہے۔بہاولپور سرکل میں منعقدہ اجلاس میں افسران سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نادہندگان کے کنکشن کاٹنے کے بعد ان کی چیکنگ جاری رکھیں تاکہ انہیں بجلی فراہم کرنے والے دوسرے افراد کے کنکشن بھی کاٹے جاسکیں۔چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ناقص کارکردگی پر ایس ڈی او یزمان یزمان، قائمقام ایس ڈی او جلہ سب ڈویژن، ایس ڈی او احمد پور ایسٹ سیکنڈ سب ڈویژن اور ایس ڈی او اوچ شریف سب ڈویژن کے

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی وہاڑی اور بہاولنگر سرکلوں کے افسران کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔

خلاف محکمانہ کاروائی کا حکم دیا۔ سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل بہاولپور عطاء اللہ بھٹہ نے میپکو چیف کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بہاولپور سرکل کے اپنے لائن لاسز میں کمی کی ہے جبکہ ریکوری کی شرح بھی پہلے سے بہتر رہی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے کہا کہ میپکو واجبات کی 100 فیصد ریکوری سے کم وصولی برداشت نہیں کی جائے گی۔ صارفین کو ہر صورت درست بل فراہم کئے جائیں تا کہ وہ مطمئن ہوکر بلوں کی ادائیگی کریں۔ اوور بلنگ ایک جرم ہے تمام افسران اس سے اجتناب کریں ورنہ سخت کاروائی کے لئے تیار رہیں۔ اجلاسوں میں جنرل منیجر آپریشن محمد ارشد چوہدری، چیف انجینئر کسٹمر سروسز راؤ ضیاء الرحمٰن، چیف انجینئر او اینڈ ایم سرفراز احمد ہراج، ڈائریکٹر کمرشل ملک امتیاز احمد اور متعلقہ سرکلوں کے افسران نے شرکت کی۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی بہاولپور سرکل کے افسران کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔

(بقیہ صفحہ نمبر 09)

انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں یہی طریقہ کار ہے کہ نئے ٹیلنٹ کو سامنے لایا جائے۔ سپورٹس مین کے لئے سب سے اہم اخلاق ہے۔ ہمارے پاس وسائل کم ہیں مگر میپکو کھیلوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ ہم پاکستان سپورٹس بورڈ کو آئندہ بھی ٹیلنٹڈ کھلاڑی پیدا کر کے دیتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میپکو کے بیشتر کھلاڑی قومی اور عالمی سطح پر واپڈا اور ملک کی نمائندگی کررہے ہیں۔ فٹبال، ہاکی، کبڈی، ہینڈ بال، بیس بال اور اتھلیٹکس کی قومی ٹیموں میں میپکو کے کھلاڑیوں نے اپنی کارکردگی کا لوہا منوایا ہے۔ تقریب میں انٹرنیشنل ایمپائر شفقت رانا، سپورٹس آفیسر میپکو شرافت علی، منیجر میپکو لان ٹینس ٹیم ملک امتیاز احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر واپڈا سپورٹس بورڈ حسنین علی و دیگر نے شرکت کی۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

کمپنی کلچر کو میپکو میں فروغ دینے کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

خواجہ محمد اعظم
چیئرمین ایچ آر کمیٹی

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کمپنی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے پالیسیاں بنا رہا ہے۔ کمپنی کلچر کو میپکو میں فروغ دینے کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ یہ بات چیئرمین ہیومن ریسورس کمیٹی میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خواجہ محمد اعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں میپکو کی نئی ٹرانسپورٹ پالیسی پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے کمیٹی کو بتایا کہ ٹرانسپورٹ پالیسی میں تبدیلی سے ماہانہ لاکھوں روپے کی بچت ہوگی۔ مفصل بحث کے بعد انہوں نے ہدایت کی کہ اس پالیسی کو مزید بہتر بنا کر اگلے اجلاس میں دوبارہ زیر بحث لایا جائے۔ کمیٹی نے کمپیوٹر سنٹر کے لئے سٹیشنری کی خریداری کی منظوری دی۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی، بورڈ ممبرز راجن سلطان پیرزادہ، خالد مسعود خان، زاہد پرویز مرزل، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری، فنانس ڈائریکٹر امتیاز احمد جگری، منیجر ٹرانسپورٹ اینڈ سیکیورٹی فرخ جاوید گھمن بھی موجود تھے۔

چیئرمین ایچ آر کمیٹی خواجہ محمد اعظم اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

میپکو میں برقاب کے کریڈٹ پر کئی نمایاں منصوبے ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی نے کہا ہے کہ پاور سیکٹر کے منصوبوں کی بروقت اور بہتر انداز میں تکمیل میں میسرز برقاب کنسلٹنٹ سروسز کا نمایاں کردار رہا ہے۔ میپکو میں بھی برقاب کے کریڈٹ پر کئی نمایاں منصوبے ہیں جو قابل تعریف ہیں۔ وہ برقاب کنسلٹنٹ کے پراجیکٹ ڈائریکٹر اعجاز بخاری کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے کئی سینئرز اور قابل افسران نے برقاب کے لئے بھی خدمات سرانجام دی ہیں جن سے نوجوان انجینئرز نے بہت کچھ سیکھا ہے امید ہے کہ برقاب میپکو میں اپنے منصوبوں کو جلد از جلد مکمّل کرے گی۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر اعجاز بخاری نے کہا کہ برقاب پوری استعداد کے ساتھ میپکو میں کام کر رہی ہے اور ہم یقین دلاتے ہیں کہ میپکو کو حسب معمول کوالٹی سروس دیں گے۔ انہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی کا تقریب میں آمد پر شکریہ ادا کیا اس موقع پر سابق اور موجودہ افسران نے شرکت کی۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی کے اعزاز میں میسرز برقاب کنسلٹنٹ سروسز کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر برقاب سروسز اعجاز بخاری، مہر خان، محمد خلیل چوہدری اور میپکو کے سابق اور موجودہ افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

کوئی بھی ایمرجنسی زندگی سے بڑھ کر نہیں، ہمیشہ اپنا خیال رکھیں۔ راؤ ضیاء الرحمٰن چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو

لائن سٹاف اپنے خاندان کا خیال کرتے ہوئے بغیر سیفٹی آلات ہرگز کام نہ کریں۔ محمد نعیم اللہ ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن

چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو راؤ ضیاء الرحمٰن نے کہا ہے کہ میپکو ملازمین کسی بھی ٹرپنگ، شٹ ڈاؤن اور شکایات کو اپنی جان پر فوقیت نہ دیں اور بغیر سیفٹی آلات پر لائنوں پر ہرگز کام نہ کریں۔ وہ میپکو موسیٰ پاک ڈویژن میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نہیں چاہیں گے جلد بازی میں بجلی بحال کرنے کے چکر میں ہمارا لائن سٹاف جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ انہوں نے کہا کہ لائن سٹاف محکمہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ہمارا سرمایہ ہیں۔ موجودہ عملہ پر کام کا بوجھ زیادہ ہے امید ہے کہ جلد ہی نئی بھرتیوں کا عمل مکمل کر لیا جائیگا جس سے عملے کی کمی کسی حد تک پوری کی جائے گی۔ ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن میپکو محمد نعیم اللہ نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ ملازمین کی حفاظت کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہا ہے۔ لائن سٹاف اپنے خاندان کا خیال کرتے ہوئے بغیر سیفٹی آلات ہرگز کام نہ کریں۔ لائن مین ہمارا اثاثہ ہیں وہ بغیر سیفٹی آلات لائنوں پر کام کرنے انکار کر دیں۔ سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل شاہد حمید چوہان نے کہا کہ لائن سٹاف بغیر سیفٹی آلات کے کام کرنے سے انکار کر دے۔ بے احتیاطی نقصان دہ ہے۔ بجلی کسی کی دوست نہیں ہے۔ اپنی جان کی حفاظت کو یقینی بنائیں اور ہمیں دکھ تکلیف نہ دیں۔ ایڈیشنل منیجر سیفٹی محمد جاوید اقبال نے اس موقع پر کہا کہ بار بار ہدایات دینے کے باوجود حادثات کم نہیں ہو رہے۔ انکوائریوں کے دوران بھی یہ بات سامنے آئی ہے کہ کوتاہی ہمیشہ لائن سٹاف کی طرف سے ہوتی ہے مگر سب سے زیادہ کوتاہی لائن سپریٹنڈنٹس کی ہے۔ نہ سب ڈویژنوں میں سیفٹی کلچر ہے اور نہ ہی کوئی ریکارڈ مرتب کیا گیا ہے۔ سیفٹی سیمینار کو صرف سنا ہی نہ جائے بلکہ اس پر عملدرآمد بھی کیا جائے۔ ہائیڈ روورکرز یونین (سی بی اے) کے ریجنل چیئرمین غلام رسول گجر، زونل چیئرمین چوہدری محمد خالد، سجاد بلوچ، مہدی شاہ نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پورے پاکستان میں مزدوروں کے لئے سیفٹی ڈے منایا گیا ہے۔ لاپرواہی کی وجہ سے حادثات رونما ہوتے ہیں۔ پی سی پولز لائن سٹاف کے لئے وبال جان بنے ہوئے ہیں۔ فیڈرز کو ملانے والی جگہ پر سٹیل سٹرکچر نصب کئے جائیں۔ ایکسین میپکو موسیٰ پاک ڈویژن ملک محمد مشتاق اٹھنگل، ایکسین ممتاز آباد ڈویژن جاوید اقبال وینس، ایکسین شاہ رکن عالم ڈویژن علی اکرم گجر، ایکسین سٹی ڈویژن علامہ رفیق کنول، ہائیڈ روورکرز یونین (سی بی اے) کے آغا حسین اور دیگر نے بھی سیمینار سے خطاب کیا۔ سیمینار میں ایس ڈی اوز اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

چیف انجینئر کسٹمر سروسز راؤ ضیاء الرحمٰن، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، ریجنل چیئرمین غلام رسول گجر اور دیگر افسران سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

میپکو میں یو ایس ایڈ کی جانب سے مکمل کئے گئے بلنگ، آئی ٹی اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کی استعداد کار میں توسیع کے منصوبے قابل تعریف ہیں

یو ایس ایڈ کے ساتھ مشترکہ منصوبوں سے میپکو کی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملی ہے۔ انجینئر فضل اللہ درانی چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی نے کہا ہے کہ یو ایس ایڈ کے ساتھ مشترکہ منصوبوں سے میپکو کی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملی ہے۔ وہ یو ایس ایڈ پی ڈی پی کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ محدود وسائل کے ساتھ میپکو ملازمین نے اپنی محنت اور لگن سے میپکو کو آج پاکستان کی نمبر ون کمپنی بنا دیا ہے۔ نمائندہ یو ایس ایڈ سلیم عارف اور شفیق الرحمٰن نے بتایا کہ یو ایس ایڈ پاور ڈسٹری بیوشن پروگرام کے تحت میپکو میں 7.3 ارب روپے کے منصوبے مکمل کئے گئے ہیں۔ میپکو

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی، نمائندہ یو ایس ایڈ سلیم عارف اور شفیق الرحمٰن مختلف دفاتر کا دورہ کر رہے ہیں

واحد کمپنی ہے جس میں آئی ٹی کا جدید نظام موجود ہے۔ میپکو ریجن میں 42 ہزار سمارٹ میٹروں کی تنصیب کی گئی ہے جس کی وجہ سے لائن لاسز میں کمی اور ریکوری 100 فیصد ممکن ہوگئی ہے۔ ہر سب ڈویژن، ڈویژن، ریونیو آفس اور سرکل دفاتر میں سمارٹ میٹروں کی ریڈنگ، مانیٹرنگ کے لئے دو دو کمپیوٹرز فراہم کئے گئے ہیں جبکہ اس عمل کی نگرانی کے لئے ملازمین کو کمپیوٹر کی تربیت بھی دی گئی ہے۔ میپکو جی آئی ایس میپنگ اور سرجی استعمال کرنے والی پاکستان کی پہلی کمپنی بن گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام 9 آپریشن سرکلوں میں پلاننگ کے دفاتر قائم کئے جو مکمل آپریشنل ہوگئے ہیں۔ میپکو ریجن میں لائن لاسز کی شرح میں کمی کرنے کے لئے 48 ہزار ٹیوب ویلوں پر کپیسٹرز لگائے گئے ہیں جس سے 67 میگاواٹ بجلی کی بچت ہوئی ہے۔ ملک میں پہلی بار ملتان شہر کے علاقوں کے لئے سنگل فیز سمارٹ ٹرانسفارمرز متعارف کروائے گئے ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں 500 کلومیٹر ایریا بنڈل کیبل (اے بی سی) کی تنصیب کی گئی ہے جبکہ صارفین کو اوور بلنگ، غلط ریڈنگ اور زائد ریڈنگ کی شکایات سے چھٹکارا دلوانے کے لئے پورے ریجن میں ہینڈ ہیلڈ یونٹ (ایچ ایچ یو) اور موبائل کے ذریعے میٹر ریڈنگ شروع کر دی گئی ہے۔ ملتان سمیت دیگر سرکلوں میں صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے کسٹمر سروسز سنٹرز قائم کئے گئے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے کہا کہ ہم یو ایس ایڈ کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ملک و قوم اور ادارے کی بہتری کے لئے میپکو میں کام کیا۔ میپکو کی ٹیم یہ تمام منصوبے آگے چلائے گی۔ میپکو میں یو ایس ایڈ کی جانب سے مکمل کئے گئے بلنگ، آئی ٹی اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کی استعداد کار میں توسیع کے منصوبے قابل تعریف ہیں۔ بعد ازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی، سلیم عارف، شفیق الرحمٰن نے پاور ڈسٹری بیوشن سنٹر، ڈیٹا سنٹر، کسٹمر کیئر سنٹر کا دورہ بھی کیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو راؤ ضیاء الرحمٰن، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن سسٹم میاں ندیم احمد، فنانس ڈائریکٹر امتیاز احمد جگری، منیجر فنانس جہانگیر بھٹہ، منیجر کمرشل ملک امتیاز احمد، سٹاف آفیسر کامران ظہور، یو ایس ایڈ کی جانب سے طارق، انجم نوید آرائیں اور دیگر موجود تھے۔

ریٹائر ہونے والے ملازمین کی عزت سے رخصت اور دل جوئی ہمارا شعار ہے

محمد نعیم اللہ
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو

ریٹائر ہونے والے ملازمین سماجی کاموں میں حصہ لیں اور معاشرے کو فائدہ پہنچائیں۔ ریجنل چیئرمین واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین غلام رسول گجر

ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں عزت سے ریٹائرمنٹ بہت مشکل ہے جو ملازم بغیر کسی کاروائی کے سروس سے رخصت ہو وہ اس کے لئے قابل عزت بات ہے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں ریٹائر ہونے والے ملازمین کے لئے منعقدہ 81 ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ 30، 35 سال سروس میں گزارنے کے بعد ملازمین کو ان کی خدمات کے صلہ میں پروقار طریقے سے رخصت کرنا محکمہ کا فرض ہے۔ ریجنل چیئرمین واپڈا

ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ اور ریجنل چیئرمین غلام رسول گجر 81 ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ہائیڈرو ورکرز یونین غلام رسول گجر نے کہا کہ سروس میں آتے ہی کاؤنٹ ڈاؤن شروع ہو جاتا ہے۔ جو سروس میں آیا ہے اسے ریٹائر بھی ہونا ہے۔ ملازمین نے محکمہ کی خدمت کی ہے جس کے صلہ میں انہیں باعزت طریقے سے رخصت کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریٹائر ہونے والے ملازمین ویلفیئر کے کاموں میں حصہ لیں اور معاشرے کو فائدہ پہنچائیں۔ نظامت کے فرائض ڈپٹی منیجر ٹی اینڈ ایم پی میاں محمد سہیل افضل نے سرانجام دیئے۔ بعدازاں ریٹائر ہونے والے ملازمین میں پنشن بکس، تحائف اور واجبات کے چیک تقسیم کئے گئے۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن سسٹم میاں ندیم احمد، ڈپٹی منیجر انکوائریز سہیل عباس، یونین عہدیدار سجاد بلوچ، چوہدری محمد خالد، شکیل بلوچ دیگر افسران و ملازمین نے شرکت کی۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے پروموشن بورڈ کی منظوری سے کانفیڈنشل سیکشن میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان کے آفس سپرنٹنڈنٹ عبدالجبار خان کو اسسٹنٹ منیجر (ایچ آر/ایڈمن) بنیادی سکیل 17 میں ترقی دے دی ہے اور انہیں اسسٹنٹ منیجر ایچ آر/ایڈمن I (آفیسرز) میپکو ہیڈ کوارٹر تعینات کیا ہے۔

عبدالجبار خان
اسسٹنٹ منیجر (ایچ آر/ایڈمن)

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے میٹر انسپکٹر میپکو سرویلنس ٹیم علی کامران حیدر جعفری کو بنیادی سکیل 16 میں ترقی دے دی ہے۔ ہائیڈرو ورکرز یونین نے علی کامران حیدر جعفری کو ترقی ملنے پر مبارکباد دی ہے۔

علی کامران حیدر جعفری
میٹر انسپکٹر میپکو سرویلنس

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے شعبہ پلاننگ اینڈ انجینئرنگ کے لائن سپرنٹنڈنٹ گریڈ۔I محمد اکرام نے بی ایس سی الیکٹریکل (پاور) کے آخری سمسٹر میں 4.0 جی پی اے میں مکمل 4.0 حاصل کیا اور این ایف سی یونیورسٹی میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ چیف انجینئر پی اینڈ ای میپکو محمد اکرم چوہدری اور شعبہ کے افسران و ملازمین نے محمد اکرام کو اس کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔

لائن سپرنٹنڈنٹ
محمد اکرام

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

میپکو محدود وسائل کے ساتھ صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے

چیف انجینئر پی اینڈ ای میپکو
محمد اکرم چوہدری

چیف انجینئر نے بتایا کہ میپکو جدید ٹیکنالوجی متعارف کروا رہی ہے۔ پاور کنٹرول سنٹر، جی آئی ایس میپنگ، اے ایم آئی سیل اس کی روشن مثال ہیں۔

انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب کے شعبہ ایم ایس سی الیکٹریکل انجینئرنگ کے طلباء کا میپکو کا مطالعاتی دورہ

چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ (پی اینڈ ای) میپکو محمد اکرم چوہدری نے کہا ہے کہ میپکو محدود وسائل کے ساتھ صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ میپکو ملک کی سب سے بڑی بجلی فراہم کرنے والی کمپنی ہے۔ بجلی کی لوڈ شیڈنگ قومی مسئلہ ہے، بجلی کی بچت کر کے بحران کم کیا جا سکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے میپکو ہیڈ کوارٹرز میں انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب (آئی ایس پی) کے ایم ایس سی الیکٹریکل انجینئرنگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ چیف انجینئر نے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 14 مئی 1998ء کو ایریا الیکٹرسٹی بورڈ کو پاور کمپنی میں تبدیل کر دیا گیا جس کے بعد ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) وجود میں آئی۔ میپکو جنوبی پنجاب کے 13 اضلاع پر مشتمل ہے۔ میپکو صارفین کی تعداد 51 لاکھ 37 ہزار ہے اور 3 کروڑ 37 لاکھ 10 ہزار افراد پر مشتمل جنوبی پنجاب کی آبادی کو بجلی فراہم کر رہی ہے۔ بجلی فراہم کرنے والے گرڈ اسٹیشنز کی تعداد 126 ہے جس میں 257 مختلف استعداد کار کے پاور ٹرانسفارمرز نصب ہیں۔ 132KV ٹرانسمیشن لائن کی لمبائی 3331 کلومیٹر اور 66KV ٹرانسمیشن لائنوں کی لمبائی 1154 کلومیٹر ہے۔ ایک لاکھ 50 ہزار 183 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز صارفین کو بجلی فراہم کر رہے ہیں۔ بجلی فراہم کرنے والے 11KV فیڈرز کی تعداد 1146 ہے۔ میپکو ریجن میں ہائی ٹینشن (ایچ ٹی) لائنوں کی لمبائی 71344 کلومیٹر اور لو ٹینشن (ایل ٹی) لائنوں کی لمبائی 46908 کلومیٹر ہے۔ بعد ازاں شرکاء نے پاور ڈسٹری بیوشن سنٹر، پلاننگ اینڈ انجینئرنگ اور کسٹمر کیئر سنٹر کا دورہ بھی کیا جہاں شرکاء کو بجلی فراہمی کے طریقہ کار، سسٹم کی اپ گریڈیشن اور صارفین کی شکایات کے متعلق مکمل بریفنگ دی۔ اس موقع پر سٹاف آفیسر میپکو کامران ظہور، ڈپٹی منیجرز پلاننگ رانا عبدالستار، محمد اصغر گھلو اور شاہد بخاری، اسسٹنٹ منیجرز رفیق باری، ملک عارف وینس اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ آئی ایس پی کے پروفیسر سعید احمد ناصر، ڈاکٹر عون محمد، عبدالستار ملک اور عمران نے چیف انجینئر پی اینڈ ای میپکو کا شکریہ ادا کیا۔

چیف انجینئر پی اینڈ ای میپکو محمد اکرم چوہدری، اسٹاف آفیسر کامران ظہور، آئی ایس پی کے پروفیسر سعید احمد ناصر، ڈاکٹر عبدالستار ملک، ڈاکٹر عون محمد کا میپکو ہیڈ کوارٹر کے دورے کے موقع پر ایم ایس سی الیکٹریکل انجینئرنگ کے طلباء و طالبات کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈینگی سے بچاؤ میں حکومتی ہدایات پر عمل موثر ثابت ہوا ہے۔

صوبائی رجسٹرار کوآپریٹوز پنجاب جاوید اقبال بخاری

واپڈا ٹاؤن کے تمام فیزوں میں ڈینگی وائرس سے بچاؤ اور تدابیر کے بینرز آویزاں کر دیئے گئے ہیں۔ سیکرٹری واپڈا ٹاؤن سعید احمد خان

صوبائی رجسٹرار کوآپریٹوز پنجاب جاوید اقبال بخاری نے کہا ہے کہ ڈینگی کے انسداد کے لئے حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عمل کر کے ڈینگی سے نجات ممکن ہے۔ وہ مقامی ہوٹل میں ڈینگی وائرس سے بچاؤ کے سلسلہ میں منعقدہ ایک سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سالوں میں ڈینگی سے کئی قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا جسکی وجہ سے پنجاب حکومت نے ڈینگی کے خاتمہ کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جس میں انتہائی حد تک کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملتان سمیت پنجاب بھر میں رہائشی کالونیوں میں ڈینگی سے بچاؤ کے اقدامات کئے جائیں تا کہ ڈینگی کی افزائش نہ ہو۔ سیکرٹری واپڈا ٹاؤن کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی ملتان سعید احمد خان نے کہا کہ واپڈا ٹاؤن فیز I، فیز I توسیعی اور فیز II میں رہائشیوں کو ڈینگی سے بچاؤ کے لئے آگاہی مہم شروع کر دی گئی ہے۔ واپڈا ٹاؤن سوئمنگ پول انڈر گراؤنڈ بنایا گیا ہے تا کہ ڈینگی کا حملہ نہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا ٹاؤن کے تمام فیزوں میں ڈینگی وائرس سے بچاؤ اور تدابیر کے بینرز آویزاں کر دیئے گئے ہیں اور پمفلٹ بھی تقسیم کئے گئے ہیں اور واپڈا ٹاؤن میں سپرے بھی کروایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ سپرے کرانے اور حفاظتی تدابیر پر عمل کر کے ڈینگی وائرس کا اٹیک نہیں ہوگا۔ انہوں نے صوبائی رجسٹرار کو بتایا کہ واپڈا ٹاؤن میں ڈینگی سے بچاؤ کے لئے واک کا اہتمام کیا گیا جس میں دیگر رہائشی کالونیوں کے رہائشیوں نے بھی شرکت کی۔ بعدازاں چوک کچہری پر ڈینگی کے خاتمہ کے لئے واک ریلی نکالی گئی جس میں صوبائی رجسٹرار کوآپریٹوز جاوید اقبال بخاری، سیکرٹری واپڈا ٹاؤن کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی ملتان سعید احمد خان، ایڈمن آفیسر نعیم ارشد، مقبول حیدر، ڈسٹرکٹ آفیسر کوآپریٹو ملتان سلیم اختر قریشی، ڈسٹرکٹ آفیسر کوآپریٹو مظفر گڑھ چوہدری محمد عصمت محمود نے شرکت کی۔

صوبائی رجسٹرار کوآپریٹوز جاوید اقبال بخاری، سیکرٹری واپڈا ٹاؤن سعید احمد خان اور دیگر ڈینگی سے بچاؤ کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

2016

JANUARY

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
				1	2	3
4	5	6	7	8	9	10
11	12	13	14	15	16	17
18	19	20	21	22	23	24
25	26	27	28	29	30	31

FEBRUARY

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
1	2	3	4	5	6	7
8	9	10	11	12	13	14
15	16	17	18	19	20	21
22	23	24	25	26	27	28
29						

MARCH

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
	1	2	3	4	5	6
7	8	9	10	11	12	13
14	15	16	17	18	19	20
21	22	23	24	25	26	27
28	29	30	31			

APRIL

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
				1	2	3
4	5	6	7	8	9	10
11	12	13	14	15	16	17
18	19	20	21	22	23	24
25	26	27	28	29	30	

MAY

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
30	31					1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	29

JUNE

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
		1	2	3	4	5
6	7	8	9	10	11	12
13	14	15	16	17	18	19
20	21	22	23	24	25	26
27	28	29	30			

JULY

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
				1	2	3
4	5	6	7	8	9	10
11	12	13	14	15	16	17
18	19	20	21	22	23	24
25	26	27	28	29	30	31

AUGUST

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
1	2	3	4	5	6	7
8	9	10	11	12	13	14
15	16	17	18	19	20	21
22	23	24	25	26	27	28
29	30	31				

SEPTEMBER

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
			1	2	3	4
5	6	7	8	9	10	11
12	13	14	15	16	17	18
19	20	21	22	23	24	25
26	27	28	29	30		

OCTOBER

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
31					1	2
3	4	5	6	7	8	9
10	11	12	13	14	15	16
17	18	19	20	21	22	23
24	25	26	27	28	29	30

NOVEMBER

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
	1	2	3	4	5	6
7	8	9	10	11	12	13
14	15	16	17	18	19	20
21	22	23	24	25	26	27
28	29	30				

DECEMBER

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
			1	2	3	4
5	6	7	8	9	10	11
12	13	14	15	16	17	18
19	20	21	22	23	24	25
26	27	28	29	30	31	